سبق: ۱۷

کمپیوٹر

آج اسکول میں پرنسپل صاحب نے یہ خوش خبری دی۔ ''آپ کے لیے ایک نیا کمرہ تیار کیا گیا ہے۔ اب آپ کو ایک نئے انداز سے پڑھنے کا موقع ملے گا۔ آپ جانتے ہیں یہ نیا کمرہ کس لیے تیار کیا گیا ہے؟'' بچوں نے ایک آواز ہو کر کہا ''کمپیوٹر کے لیے''۔

اس کے بعد بچے اپنی اپنی کلاسوں میں چلے گئے۔ سبھی کو کمپیوٹر روم میں جانے کا بڑا شوق اور انتظار تھا۔ آج ہر کلاس کے بچے باری باری کلاس ٹیچر کے ساتھ اس کمرے میں گئے۔ حنا بھی اپنی میڈم کے ساتھ اس کمرے میں گئی۔ کمرے کے باہر لکھا تھا۔ ''کمپیوٹر لیب'' اور یہ بھی لکھا تھا ''جوتے باہر ہی اتاریے'' بچوں نے اپنے اپنے جوتے اتارے اور کمرے میں داخل ہو گئے۔ بچوں کو دیکھ کر کمپیوٹر کی میڈم بہت خوش ہوئیں۔ انہوں نے پوچھا آپ جانتے ہیں کمپیوٹر لیب کیا ہے؟'' حنا نے کہا ''میڈم میں بتاتی ہوں۔ وہ کمرہ جہاں کمپیوٹر رکھے جاتے ہیں۔ ''میڈم نے کہا'' بالکل ٹھیک''۔ بچوں! ہمارے دماغ کی طرح کمپیوٹر کا بھی اپنا دماغ ہوتا ہے۔ اسے سی پی یو (C.P.U.) کہتے ہیں۔ کمپیوٹر کے چار حصے ہوتے ہیں۔

مانیٹر

سی پی یو

کی بورڈ

ماؤس

یہ چاروں حصے مل کر کمپیوٹر کہلاتے ہیں۔ کمپیوٹر خود کچھ نہیں کر سکتا جب تک کہ اس میں معلومات داخل نہ کی جائیں۔

کمپیوٹر سے بہت سے کام لیے جا سکتے ہیں۔ اس کی مدد سے اردو، ہندی، انگریزی، حساب، سائنس اور سماجی علوم جیسے تمام مضامین پڑھ سکتے ہیں۔ اس کے علاوہ کمپیوٹر کے ذریعے آپ بہت سے کھیل بھی کھیل سکتے ہیں اور دنیا بھر کی معلومات بھی حاصل کر سکتے ہیں۔

کمپیوٹر لیب میں جا کر اور کمپیوٹر کے بارے میں جان کر بچے بہت خوش ہوئے۔

مشق

پڑھیے اور سمجھیے۔

خوش خبری	:	اچھی خبر
انداز	:	ڈھنگ، طریقہ
علوم	:	بہت سے علم

ان سوالوں کے جواب دیجیے۔

- پرنسپل صاحب نے کیا خوش خبری دی؟
- کمپیوٹر لیب کے باہر کیا لکھا تھا؟
- کمپیوٹر کے دماغ کو کیا کہتے ہیں؟
- کمپیوٹر سے کیا کیا کام لیے جاتے ہیں؟
- کمپیوٹر کے بارے میں جان کر بچے کیوں کوش ہوئے؟

خالی جگہوں میں مناسب لفظ لکھیے۔

معلومات　　کمپیوٹر روم　　خوش　　چار　　کھیل

- سبھی کو.......... میں جانے کا بڑا شوق اور انتظار تھا۔
- کمپیوٹر کے.......... حصے ہوتے ہیں۔
- کمپیوٹر خود کچھ نہیں کرسکتا جب تک کہ اس میں......داخل نہ کی جائیں۔
- کمپیوٹر کے ذریعے آپ بہت سے.......... بھی کھیل سکتے ہیں۔

نیچے دی ہوئی تصویروں کے نام لکھیے۔



....　　..........

....　　..........

سبق میں لفظ 'خوش خبری' آیا ہے۔ اس کے معنی ہیں اچھی خبر۔ اسی طرح نیچے دیے ہوئے لفظوں سے پہلے 'خوش' لگا کر لفظ بنائیے۔

............دلی ....مزاجی

............حالی ....قسمتی

آپ نے سبق میں پڑھا ہے 'نیا کمرہ' اسی طرح لفظ 'نیا' لگا کر کچھ چیزوں کے نام لکھیے۔

....

....

....

....

سبق میں لفظ 'پرنسپل صاحب' آیا ہے۔ اسی طرح نیچے دیے ہوئے لفظوں کے آگے 'صاحب' لگا کر لکھیے۔

والد............ بھائی............ ڈاکٹر............ ماسٹر............

خوش خط لکھیے۔

پرنسپل کمپیوٹر انتظار معلومات مضمون

....

....

....